## ایم کیوایم، پاکستان کوموجودہ نازک صورتحال سے نکالنےاورجمہوریت کےفروغ کیلئے تمام جمہوریت پسند جماعتوں کے ساتھ مل جل کرکام کرتی رہے گی، الطاف حسین

## انشاءاللہ مستقبل قریب میں ایم کیوایم صوبہ پنجاب کی بڑی جماعت ثابت ہوگی، الطاف حسین

## ایم کیوایم سمیت تمام بڑی جماعتوں کی ملک بھرمیں جڑیں ہونی چاہئیں، کیری لوگربل اوراین آراوپرایم کیوایم کے اصولی فیصلہ سے واضح ہوگیاہے کہ قومی ایشوزپرایم کیوایم پارٹی مفادات سے بالاترہوکرفیصلے کرتی ہے، مسلم لیگی رہنما

## مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے سلیم سیف اللہ، خورشید قصوری اورہمایوں اختر سے الطاف حسین کی بات چیت

لندن۔۔۔17،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم ، پاکستان کوموجودہ نازک صورتحال سے نکالنے، مستحکم کرنے اور جمہوریت کے فروغ کیلئے تمام جمہوریت پسند جماعتوں کے ساتھ مل جل کرکام کرتی رہے گی ۔انہوں نے کہاکہ پنجاب کےعوام میں ایم کیوایم کے خلاف پھیلائی گئی غلط فہمیاں تیزی سے دورہورہی ہیں اورانشاءاللہ مستقبل میں متحدہ قومی موومنٹ صوبہ پنجاب کی سب سے بڑی جماعت ہوگی ۔ یہ بات انہوں نے منگل کے روزاپنی رہائش گاہ نائن زیروعزیزآبادمیں پاکستان مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنماؤں سلیم سیف اللہ، خورشید قصوری اورہمایوں اختر سے ٹیلی فون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی ۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرانیس قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے دیگرارکان اورحق پرست ارکان اسمبلی بھی موجود تھے ۔ جناب الطاف حسین نے معززمہمانوں کواپنی رہائش گاہ پرخوش آمدید کہتے ہوئے کہاکہ ملک بھرکےعوام کوایم کیوایم سے بدظن کرنے کیلئے جھوٹے الزامات لگائے گئے لیکن آج 17 سال بعدایم کیوایم پرالزام لگانے والے خودکہہ رہے ہیں کہ یہ الزامات جھوٹے تھے ۔انہوں نے کہاکہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایم کیوایم کے خلاف پنجاب کےعوام میں پھیلائی گئی غلط فہمیاں تیزی سے دورہورہی ہیں اورانشاءاللہ مستقبل قریب میں ایم کیوایم صوبہ پنجاب کی بڑی جماعت ثابت ہوگی ۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم واحدجماعت ہے جس نے سب سے پہلے مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف آوازاٹھائی اورعوام کوطالبانائزیشن کے خطرے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم ، پاکستان کوموجودہ نازک صورتحال سے نکالنے، مستحکم کرنے اورجمہوریت کے فروغ کیلئے تمام جمہوریت پسند جماعتوں کے ساتھ مل جل کرکام کرتی رہے گی ۔مسلم لیگ ہم خیال کے رہنماء سلیم سیف اللہ، خورشید قصوری اورہمایوں اختر نے جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کی آمدخوش آئند ہے، ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہےاورایم کیوایم سمیت تمام بڑی جماعتوں کی ملک بھرمیں جڑیں ہونی چاہئیں ۔ایک مڈل کلاس کی جماعت عوام کی عملی خدمت کرکے پاکستان کے دیگرعلاقوں میں بھی پھیل رہی ہےاورآپ نے ملک بھرمیں جوجدوجہدکررکھی ہے ہم اس کی بھرپورسپورٹ کریں گے ۔انہوں نے کہاکہ کیری لوگربل اوراین آراوپرایم کیوایم کااصولی مؤقف ملک بھرمیں سراہا گیاہےاورآپ نے صحیح وقت پرصحیح فیصلہ کرکے ملک بھرمیں پذیرائی حاصل کی ہےاوراس فیصلہ سے واضح ہوگیاہے کہ قومی ایشوزپرایم کیوایم پارٹی مفادات سے بالاترہوکرفیصلے کرتی ہے ۔مسلم لیگی رہنماؤں نے گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی پرجناب الطاف حسین کوخصوصی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہاکہ ایم کیوایم نے مختصرعرصہ میں گلگت بلتستان میں کامیابی حاصل کرکے اپنالوہامنوالیاہےاورجوعناصرایم کیوایم کوقومی جماعت تسلیم نہیں کرتے تھے وہ بھی اب ایم کیوایم کوقومی جماعت تسلیم کررہے ہیں ۔ جناب الطاف حسین اورمسلم لیگی رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اورباہمی دلچسپی کے مختلف امورپربھی بات چیت ہوئی ۔

## نوازشریف صاحب سے کوئی لڑائی نہیں ہے، انہوں نے ہم سے خودکشی کی ہے ۔الطاف حسین

## ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروپرمسلم لیگ ق ہم خیال گروپ کے رہنماؤں سے گفتگو

## قومی سیاسی رہنماؤں کے درمیان کٹی نہیں ہونی چاہیے ۔خورشید قصوری

کراچی۔۔۔17 نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ مسلم لیگ ن کے سربراہ نوازشریف صاحب سے انکی کوئی لڑائی نہیں ہے، نوازشریف صاحب نے ان سے خودکٹی کی ہے ۔آج ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیزآبادپرمسلم لیگ ق ہم خیال گروپ کے رہنماؤں سے گفتگوکے دوران مسلم لیگی رہنما خورشید قصوری نے جناب الطاف حسین سے سوال

کیا کہ کیا ان کا میاں نواز شریف صاحب سے کوئی رابطہ ہے؟ اس پر جناب الطاف حسین نے خوشگوار انداز میں جواب دیا کہ نواز شریف صاحب سے کوئی رابطہ نہیں ہے، ہماری ان سے کوئی لڑائی نہیں، انہوں نے ہم سے خود ہی کٹی کی ہے۔ اس پر خورشید قصوری نے کہا کہ قومی سیاسی رہنماؤں کے درمیان کٹی نہیں ہونی چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے خورشید قصوری کی اس بات سے اتفاق کیا۔

## الطاف حسین سے پلاٹ نہیں رہنمائی حاصل کرنے آئے ہیں ان کا تجربہ اور سیاست پر نظر ہم سب کے سامنے ہے، سلیم سیف اللہ
## میں نے ایم کیو ایم کو پنجاب میں آنے کی دعوت بحیثیت پنجابی اور پاکستانی دی ہے، خورشید قصوری
## مسلم لیگ (ق) ہم خیال گروپ کے رہنماؤں کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات اور میڈیا سے گفتگو

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

مسلم لیگ (ق) کے ہم خیال گروپ کے سربراہ سینیٹر سلیم سیف اللہ نے کہا ہے کہ ہم نائن زیرو پلاٹ لینے کیلئے نہیں بلکہ الطاف حسین سے رہنمائی حاصل کرنے آئے ہیں ان کا تجربہ اور سیاست پر نظر ہم سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی سمیت ملک بھر میں بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں اگر کسی جماعت کی مقبولیت عوام میں کم ہے تو اس بنیاد پر بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو نہیں روکا جاسکتا۔ این آر او پر الطاف حسین نے اصولی موقف اختیار کیا ہے اگر حکومت اپنی حلیف جماعت ایم کیو ایم کے مشورے پر عمل کرتی تو اسے آج یہ دن نہ دیکھنے پڑتے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کے موقع اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئی کہی۔ اس سے قبل ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی، ارکان رابطہ کمیٹی، شعیب بخاری، کنور خالد یونس، نیک محمد، شاکر علی، حق پرست ارکان سینٹ، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، صوبائی وزراء ومشیران کے علاوہ دیگر شعبہ ذات کے ذمہ داران وکارکنان نے معزز مہمانوں کی نائن زیرو آمد پر اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیر مقدم اور اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر ہم خیال گروپ کے رہنماء خورشید محمود قصوری، ہمایوں اختر اور سینیٹر غفار قریشی کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران معزز مہمانوں نے ٹیلیفون پر قائد تحریک الطاف حسین سے بھی انتہائی خوشگوار ماحول میں کچھ دیر تک گفتگو کی۔ سلیم سیف اللہ نے کہا کہ ہم الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے شکر گزار ہیں کہ ہمارا یہاں پر جوش استقبال کیا گیا ہے، ہم نے آج الطاف حسین سے بہت کچھ حاصل کیا ہے، ان کا تجربہ اور سیاست پر نظر سب جانتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چند روز قبل خورشید محمود قصوری اور الطاف حسین کے درمیان کیری لوگر بل پر بات ہوئی تھی تو اس وقت یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ہم جب بھی کراچی آئیں گے تو نائن زیرو بھی ضرور آئیں گے، ایم کیو ایم ہم خیال گروپ اور ملک کی دیگر جماعتیں چاہتی ہیں کہ پاکستان ترقی کرے اور آگے بڑھے تاہم بدقسمتی سے آج پاکستان کے مستقبل میں مایوسی پائی جاتی ہے اور ہم اور ایم کیو ایم چاہتے ہیں کہ یہ مایوسی ختم ہو۔ ہم نے الطاف حسین صاحب کو دعوت دی ہے کہ وہ پنجاب آئیں اور اپنی جماعت کو منظّم کریں ایم کیو ایم کو خیبر سے لیکر کراچی تک منظّم طور پر ہونا چاہئے۔ اگر ایم کیو ایم کے رہنماء اسلام آباد یا لاہور آئیں تو ہم سے بھی ملیں ہم ان سے شرف میزبانی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر جماعت کی اس کے اچھے کاموں کی تعریف کیا جانا چاہئے ہم نے ایم کیو ایم کا میڈیا سینٹر دیکھا ہے یہ قابل تعریف اور حیران کن ہے یہ معلومات کی صدی ہے اس میڈیا سینٹر سے پاکستان کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ہمارے دوست ہیں اس ملک کا المیہ ہے کہ ہم ایک دوسرے سے رابطے میں نہیں رہتے لیکن ہم آج الطاف حسین سے رہنمائی حاصل کرنے کیلئے یہاں آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پنجاب میں ایم کیو ایم کے سامنے رکاوٹ پیدا کی گئی ہے تو ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ سلیم سیف اللہ نے NRO پر اصولی موقف اختیار کرنے پر جناب الطاف حسین کو مبارکباد بھی دی۔ خورشید قصوری نے کہا کہ میں نے ایم کیو ایم کو پنجاب آنے کی دعوت ایک پنجابی اور پاکستانی کی حیثیت سے دی ہے۔ میں نے کبھی بھی کسی جماعت کو کسی دوسرے شہر میں آنے سے روکنے کی کوشش نہیں کی یہ عمل میرا خاندانی ورثہ ہے میرے گھر پر اپوزیشن کی جماعتوں کے دیگر رہنماء خان عبدالغفار خان، ولی خان، عبدالصمد اچکزئی اور دیگر بھی آچکے ہیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں سلیم سیف اللہ نے کہا کہ کسی جماعت کی مقبولیت عوام میں کم ہے اس بنیاد پر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد نہیں روکا جاسکتا ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔

## مسلم لیگ (ق) ہم خیال گروپ نے ایم کیو ایم کی میڈیا سینٹر کی تعریف کی

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

مسلم لیگ (ق) کے ہم خیال گروپ کے رہنماء سلیم سیف اللہ، خورشید قصوری اور ہمایوں اختر نے نائن زیرو پر ہونے والی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کے موقع پر ایم کیو ایم کے جدید ترین میڈیا سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی اور میڈیا سینٹر کے ذمہ داران نے انہیں اس سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی جبکہ ان رہنماؤں نے اپنی جانب سے سوالات کر کے بھی میڈیا سینٹر کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ مسلم ہم خیال گروپ کے رہنماء نے نہ صرف اس میڈیا سینٹر کی نہ صرف دل کھول کر تعریف کی بلکہ اس پر اپنی حیرانگی کا اظہار کرتے ہوئے ہمایوں اختر نے کہا کہ ایسا سیٹ اپ تو حکومت پاکستان کے پاس بھی نہیں ہوگا جبکہ سلیم سیف اللہ نے کہا کہ ہم بھی جب میڈیا سینٹر قائم کریں گے تو ایم کیو ایم کے ماہرین سے استفادہ حاصل کریں گے۔ بعد ازاں ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بھی سلیم سیف اللہ نے ایم کیو ایم کے میڈیا سینٹر کی خصوصی طور پر تعریف کی اور کہا کہ یہ معلومات کی صدی ہے اس میڈیا سینٹر سے پاکستان کو بھی فائدہ پہنچے گا

## ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا

کراچی۔۔۔17، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون یونٹ 7/B کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نوید بلوچ منگل کو شام ساڑھے چار بجے اپنے دفتر میرپورخاص بورڈ آفس سے واپس گھر آ رہے تھے کہ ٹنڈو آدم روڈ پر گورنمنٹ ہائی اسکول کے قریب پہلے سے گھات لگائے تین نقاب پوش افراد نے ان پر جدید خودکار ہتھیاروں سے اندھا دھند فائرنگ کر دی، گولیاں نوید بلوچ کے سینے میں لگیں اور وہ شدید زخمی ہوگئے، نوید بلوچ کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے سول اسپتال لیجایا جا رہا تھا کہ وہ زخمیوں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں ہی دم توڑ گئے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی زونل انچارج و اراکین زونل کمیٹی، حق پرست منتخب عوامی نمائندے اور ایم کیو ایم کے کارکنان بڑی تعداد میں سول اسپتال پہنچ گئے۔ نوید بلوچ شہید کی عمر 42 سال تھی اور ان کے پسماندگان میں بیوہ، بیٹی، بیٹا، والدہ اور سات بہن بھائی شامل ہیں۔ دریں اثناء نوید بلوچ شہید کو بدھ کی صبح دس بجے شہداء قبرستان سٹیلائٹ ٹاؤن میرپورخاص میں سپرد خاک کیا جائے گا۔

## ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے کارکن نوید بلوچ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔17، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے نوید بلوچ شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان نوید بلوچ کی شہادت پر آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نوید بلوچ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے کارکن نوید بلوچ کی شہادت کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## بعض قوتیں صوبے کا امن تباہ کرنے کیلئے ایم کیو ایم کے معصوم کارکنان کو نشانہ بنا رہی ہے

کراچی۔۔۔17، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح نقاب پوش افراد کی جانب سے فائرنگ کر کے ایم کیو ایم میرپورخاص زون یونٹ 7/B کے سابق یونٹ انچارج نوید بلوچ کو شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس کو صوبہ سندھ کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض قوتوں کو صوبہ سندھ کا امن ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے اور وہ سندھ خصوصاً شہری علاقوں کا امن تباہ کرنے کیلئے ایم کیو ایم کے معصوم کارکنان کو نشانہ بنا رہی ہیں اس سے قبل بھی کراچی و حیدرآباد سمیت دیگر شہروں میں ایم کیو ایم کے متعدد ذمہ داران و کارکنان کو بے دردی سے شہید کیا جا چکا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نوید بلوچ کا بہیمانہ قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد میرپورخاص میں امن و امان کی صورتحال کو خراب کر کے شہر میں خوف و ہراس کی فضاء پیدا کرنا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم میرپورخاص کے تمام ذمہ داران و کارکنان سے کہا کہ نوید بلوچ کی المناک شہادت سے پر صبر کا دامن ہاتھ سے چھوڑیں اور کسی صورت مشتعل نہ ہوں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ میرپورخاص میں ایم کیو ایم کے کارکن نوید بلوچ کی شہادت

کا نوٹس لیا جائے اور قتل میں ملوث افراد کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے نوید بلوچ شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کہ اللہ تعالیٰ نوید بلوچ شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ ( آمین )

## جناب الطاف حسین تمام مسالک اور عقائد کے ماننے والوں کا احترام کرتے ہیں اور ان کے درمیان محبت پیار، امن اور ہم آہنگی کو فروغ دے رہے ہیں، ڈاکٹر علی حسین چوہدری، افتخار اکبر رندھاوا

## جناب الطاف حسین ہی پاکستان کی تمام اقلیتوں کے حقوق کے لیئے جدوجہد کر رہے ہیں، (ہندو سدھار سبھا پاکستان کے سیکرٹری جنرل) امرناتھ رندھاوا

## ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس میں ہندو کمیونٹی کے رہنماؤں کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو

لاہور۔۔۔۔۔ 17، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر علی حسین چوہدری اور افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ بلاتفریق انسانیت کی عملی خدمت ہے اور جو انسانیت کی خدمت کو عبادت سمجھ کر انجام دے وہ غلط ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ بات انہوں نے ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس میں ہندو سدھار سبھا کے سیکرٹری جنرل امرناتھ رندھاوا اور سعید خان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات پنجاب عنصر علی بٹر، (جوائنٹ انچارج وہاڑی) راؤ محمد خالد بھی موجود تھے۔ اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین تمام مسالک اور عقائد کے ماننے والوں کا احترام کرتے ہیں اور ان کے درمیان محبت پیار، امن اور ہم آہنگی کو فروغ دے رہے ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ہندو سدھار سبھا کے سیکرٹری جنرل امرناتھ رندھاوا نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب و متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور اس کے منتخب نمائندگان بھی غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ عوامی خدمات کو ایم کیو ایم کے منتخب نمائندگان اپنا فرض سمجھ کر انجام دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے روشن مستقبل کیلئے حق پرست قیادت ہی ملکی ترقی کے لیئے اپنا کردار ادا کرسکتی ہے۔ ہندو سدھار سبھا کے سیکرٹری جنرل امرناتھ رندھاوا نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی پاکستان کی تمام اقلیتوں کے حقوق کے لیئے جدوجہد کر رہے ہیں۔

## آٹے اور بجلی کے بحران کے بعد شکر کی عدم دستیابی اور مہنگے داموں فروخت سے پنجاب بھر کے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں، عنصر علی بٹر، مقصود اعوان ایڈووکیٹ

## سپریم کورٹ کے حکم کے باوجود منافع خور 70 روپے سے 80 روپے فی کلو شکر فروخت کر رہے ہیں جو پنجاب کے غریب عوام کے ساتھ ظلم ہے،

لاہور۔۔۔۔۔ 17، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے رہنماؤں عنصر علی بٹر، مقصود اعوان ایڈووکیٹ نے پنجاب بھر میں چینی کی شدید قلت، مہنگے داموں فروخت اکی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار قصور، شیخوپورہ، اوکاڑہ اور وہاڑی کے ضلعی ذمہ داران سے ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس میں ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ عنصر علی بٹر نے کہا کہ پاکستان میں آٹے اور بجلی کے بحران کے بعد شکر کی عدم دستیابی اور مہنگے داموں فروخت سے ملک بھر کے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پنجاب بھر سے شکر غائب کر دی گئی ہے اور سپریم کورٹ کے حکم کے باوجود منافع خور 70 روپے سے 80 روپے فی کلو شکر فروخت کر رہے ہیں جس کے باعث غریب و متوسط طبقہ کے عوام کی مالی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مقصود اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ یہ امر ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے کہ ملک بھر میں شکر کا مصنوعی بحران ظاہر کیا جا رہا ہے اور شکر مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہے جبکہ عوام دشمن عناصر کی جانب سے شکر کی ذخیرہ اندوزی کے ساتھ ساتھ اسے بیرون ملک اسمگل بھی کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر اپنے مالی مفادات کیلئے ملک بھر کے عوام کو شکر کے حصول سے محروم کر رہے ہیں، بیرون ملک اسمگلنگ میں ملوث ہیں اور مہنگے داموں شکر فروخت کر رہے ہیں وہ پنجاب کے عوام کے ہمدرد نہیں ہو سکتے۔ دریں اثناں ایم کیو ایم پنجاب کے رہنماؤں نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر میں شکر کے بحران کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، بیرون ملک شکر کی اسمگلنگ کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے، شکر کی اسمگلنگ اور مہنگے داموں فروخت کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے۔

## گھوٹکی میں اخبار کے دفتر پر حملہ اور صحافی عاطف چنہ کو زخمی کرنے کے واقعہ پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔17،نومبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گھوٹکی میں اخبار کے دفتر پر حملہ اور صحافی عاطف چنہ کو زخمی کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صحافی معاشرے میں برائیوں اور سچائیوں کو سامنے لانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں اور اس ضمن میں اخبار کے دفتر پر فائرنگ اور دھمکیاں آزادی صحافت پر حملہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس سے قبل بھی جرائم پیشہ افراد متعدد صحافیوں پر قاتلانہ حملے اور دھمکیاں دینے میں ملوث رہے ہیں لیکن اس کے باوجود صحافی جان جوکھوں میں ڈال کر صحافتی ذمہ داریاں ادا کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، وزیرداخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ اندرون سندھ کے صحافیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور مقامی اخبار کے دفتر پر حملے اور صحافی کو تشدد کا نشانہ بنانے والے ملزمان اور ان کے سرپرستوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔

## قوم پرست رہنما اور قرا قرم اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے سابق رہنما جمعہ گل خان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔17،نومبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قوم پرست رہنما اور قراقرم اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے سابق رہنما جمعہ گل خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17،نومبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نائن زیرو پر تنظیمی فرائض انجام دینے والے اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن محمد ندیم کی نومولود صاحبزادی افضاء، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 118-A کے کارکن محمد وسیم کے والد محمد صابر، یونٹ 118-A کے کارکن محمد ندیم کے والد شیخ تسلیم اور ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن محمد یامین کی والدہ نایاب بانو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## گلگت بلتستان انتخابات کے نتائج نے ایم کیوایم کی مقبولیت ظاہر کردی،حق پرست اراکین سندھ اسمبلی
## حق پرست امیدوار کو کامیاب کرانے پر گلگت بلتستان کے حق پرست عوام سے دلی تشکر کا اظہار

کراچی۔۔۔17،نومبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سندھ اسمبلی نے گلگت بلتستان کے عام انتخابات میں حق پرست امیدوار راجہ محمد اعظم کو کامیاب کرانے اور دیگر حق پرست امیدواروں کے حق میں بھاری اکثریت سے اپنے قیمتی ووٹ استعمال کرنے پر گلگت بلتستان کے حق پرست عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان انتخابات میں دھاندلی کے باوجود حق پرست امیدوار راجہ محمد اعظم کی کامیابی اور دیگر نشستوں پر کھڑے حق پرست امیدواران کے حق میں جس طرح سے گلگت بلتستان کے عوام نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا ہے وہ ثابت کرتا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام نے حق پرستی کے فکر وفلسفہ کو اپنا لیا ہے اور انشاءاللہ اب ایم کیوایم کو گلگت بلتستان کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھرنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان انتخابات میں کامیابی کے نتائج نے ایم کیوایم کی مقبولیت کو ظاہر کردیا ہے اور یہ کامیابی ملک بھر کے غریب اور متوسط کے عوام کی فتح ہے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں حق پرست عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد کرکے واضح کردیا کہ گلگت بلتستان ایم

کیوایم کا گڑھ ہے اور اب یہاں کے عوام کو جھوٹے اور منفی پروپیگنڈے کے ذریعے گمراہ نہیں کیا جاسکتا۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گلگت بلتستان انتخابات کے سلسلے میں انتخابی مہم چلانے والے کارکنان، حق پرست امیدواروں کے حق میں دستبردار ہونے والے امیدواروں، ایم کیوایم کی حمایت کے اعلانات کرنے والی سیاسی و مذہبی جماعتوں، سماجی رہنماؤں، علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆☆☆